# 8957 ـ دل كے ساتھ برائ كا انكار

**سوال**

دل سے برائ كے انكارسےمقصود كياہے ؟

**پسنديده جواب**

الحمد لله.

برائ كا دل سے انكاركى دووجھيں ہيں :

پہلى وجہ محل وجگہ اوردوسرى اس كى صفت ہے ـ

محل يہ ہے كہ جب مسلمان بنده كسى منكروبرائ كواپنے ہاتھ اورزبان سے امربالمعروف اورنہى عن المنكركى شروط وضوابط كومدنظر ركھتےہوئے روكنے كى طاقت نہيں ركھتااوراس سے عاجز آجاتا ہے تواس ميں يہ طريقہ اختياركيا جاتا ہے كہ دل سے اس برائ كوبراجانے اس ميں اصل اوردليل نبى صلى اللہ عليہ وسلم كا وہ فرمان ہے جس ميں نبى صلى اللہ عليہ وسلم نے فرمايا :

( تم ميں سے جس نے بھى كوئ برائ ديكھى تواسے چاہيے كہ وہ اس برائ كواپنے ہاتھ سے روک دے ، اگرہاتھ سے روكنے كى طاقت نہيں ركھتا تواپنى زبان سے روكے اوراگرزبان سے بھى روكنے كى استطاعت نہيں توپھراپنے دل سے منع كردے اوريہ ايمان كا سب سے كمزورترين درجہ ہے ) صحيح مسلم ـ

تويہ اس كا محل ہوا ـ

اوراس كى صفت يہ ہے كہ مومن اپنے دل ميں اس برائ كوبراجانے اوراس برائ سے بغض وكراہت ركھے اوراس كى خواہش ہونى چاہيئے كہ كاش وہ اسے ختم كرنے كى طاقت ركھتا ، اوراسے روكنے كى استطاعت وطاقت نہ ہونے كى بنا پراپنے دل ميں حزن وملال اورغم محسوس كرے ، تويہ آخرى چيز دل كےساتھ اس برائ سے صدق انكار كى علامت ہے ـ

اس كے ساتھ ساتھ يہ ضرورى ہے كہ اللہ تعالى سے دعا كى جائے كہ وہ اس منكروبرائ كوحقيقى طورپرمٹانے ميں معاونت كرے ـ

ہم اللہ تعالی سے دعا گوہیں کہ وہ ہمیں اورسب مسلمانوں کواس خلق مبارک سے نوازے ، آمین ۔

یہاں پرجس چیزکی طرف اشارہ کرنا ضروری ہے کہ اگرانسان کسی منکر اوربرائ کوروکنے سے عاجزہوتواسمیں اتنی تواستطاعت وطاقت ہے کہ وہ اس جگہ جہاں پراللہ تعالی کی نافرمانی اوروہ برائ کی جارہی ہے چھوڑ دے تواس پروہ جگہ چھوڑنی واجب ہے ، صرف اس کا دل سے اس برائ کوبرا جاننا ہی کافی نہیں ہوگا ۔

اللہ سبحانہ وتعالی نے فرمایا ہے :

اورآپ جب ان لوگوں کودیکھیں جوہماری آیات میں عیب جوئ کر رہے ہیں توان سے کنارہ کش ہوجائیں یہاں تک کہ وہ اس کے علاوہ کسی اوربات میں لگ جائیں اوراگرآپ کوشیطان بھلادے تویادآنے کے بعد پھرایسے ظالم لوگوں کے ساتھ مت بیٹھیں الانعام ( 68 ) ۔

اورایک مقام پرکچھ اس طرح فرمایا :

{ اوراللہ تعالی نےتمہارے پاس اپنی کتاب میں یہ حکم اتارا ہے کہ تم جب کسی مجلس والوں کواللہ تعالی کی آیتوں کے ساتھ کفرکرتے اورمذاق اڑاتے ہوئے سنو تواس مجمع میں ان کے ساتھ نہ بیٹھو !

یہاں تک کہ وہ اس کے علاوہ اورباتیں نہ کرنے لگیں ( ورنہ ) اس وقت تم بھی انہی جیسے ہو یقینا اللہ تعالی تمام کافروں اورسب منافقوں کوجہنم میں جمع کرنے والا ہے } النساء ( 140 ) ۔

اوراللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اوران کی آل اورصحابہ کرام پرسلامتی و رحمتیں برسائے۔ آمین یا رب العالمین ۔

واللہ اعلم .